# گھر پر COVID-19 کی ٹیسٹنگ کِٹ

نیویارک کے تمام باشندوں کو تحفظ فراہم کرنے میں مدد کے لیے ٹیسٹ کروائیں! NYC Health + Hospitals آپ کے اہلِ خانہ کو COVID- 19 کی گھر پر ہی جانچ کرنے کے لیے ایک ٹیسٹنگ کِٹ دے رہا ہے۔

کوئی بھی ایسا فرد جس میں COVID-19 کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا ہے، یا وہ کسی ایسے فرد کے ساتھ تعلق میں رہا ہے کہ جس کو COVID-19 تھا ، تو ایسے افرادکو لازمی طور دیگر لوگوں سے اس وقت تک محفوظ انداز میں علیحدہ رہنا چاہیئے جب تک کے آپ کا مانیٹر یہ نہیں کہتا کہ اب آپ دوسرے لوگوں سے میل جول رکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ نے پہلے سے ہی COVID-19 ٹیسٹ کروالیا ہے، تو یہ گھر پر COVID-19 کی ٹیسٹنگ کِٹ اہلِ خانہ یا دوستوں میں سے کسی کو دیں۔

## گھر پر COVID-19 کی ٹیسٹنگ کِٹ میں شامل ہے:




- ناک کا سواب
- پلاسٹک ٹیوب، جس کو "اسٹبلائیزنگ سالیوشن ٹیوب" بھی کہا جاتا ہے۔
- گفٹ کارڈ اور ایکٹی ویشن کارڈ کے ساتھ ہدایات کا کارڈ
- پلاسٹک کی تھیلی جس کو "اسپیسی مین بیگ" بھی کہا جاتا ہے
- ڈاک میں بھیجنے کا بکس
- سیل کرنے والا اسٹکر
- فیڈ ایکس کا شپنگ بیگ

کٹ استعمال کرنے، اپنا نمونہ بھیجنے اور اپنے نتائج کےحصول کے لیے براہِ مہربانی ہدایات پڑھیں۔

## بھیجنے کی یاددہانی:

یاد کرکے اپنا نمونہ **اسی روز** بھیجیں اپنی کٹ رجسٹر کروائیں اور نتیجہ حاصل کریں ۔ **ایسی صورت میں اپنا ٹیسٹ مت بھیجیں کہ جب اس دن کی آخری کھیپ روانہ کردی گئی ہو یا ویک اینڈ ہو۔ ہمارا مشورہ ہے کہ جمعہ کے دن بھی مت بھیجیں۔**

**آپ کی جانب سے آپ کا کوئی عزیز بھی کٹ ڈراپ آف کرسکتا ہے یا آپ گھر سے اٹھانے کے لیے بھی کہ سکتے ہیں۔**

**ڈراپ آف:** فیڈرل ایکسپریس کی دن کی آخری کھیپ روانہ کرنے کے بارے میں دیکھنے کے لیے براہِ مہربانی یہاںfedex.com/dropbox پر نظام ا لاوقات دیکھیں۔ آپ فیڈایکس ایکسپریس کے کسی بھی جگہ پر موجود ڈراپ بکس کے ذریعے اپنی ٹیسٹ بھیج سکتے ہیں۔ ہماری یہی تاکید ہوگی کہ جہاں پر فیڈایکس شپ سینٹر ہو وہاں سے بھیجیں۔

**گھر سےاٹھانا:** گھر سے اٹھانے کے نظام الاوقات کے لیے کال کریں **1-800-463-3339** (1-800-Go FedEx)

کہیں 'Schedule a pickup (شیڈیول پک اپ)' یا '1' دبائیں۔ جب اکاؤنٹ نمبر کے بارے میں پوچھا جائے تو اپنے فیڈایکس شپنگ بیگ پر موجود ریٹرن ٹریکنگ کا نمبر بتائیں۔

**ہدایات دوسری جانب دیکھیں>**


Please scan for English
Ju lutemi skanoni për shqip
يُرجى تصوير الرمز للغة العربية
অনুগ্রহ করে বাংলার জন্য স্ক্যান করুন
Veuillez scanner pour la version en français
Tanpri eskane pou Kreyòl Ayisyen
कृपया हिंदी के लिए स्कैन करें
한국어로 스캔해 주십시오
Proszę sprawdzić wersję polską
Пожалуйста, сканируйте для русского языка
请扫描以获取简体中文版本
Escanee para español
請掃描以取得繁體中文版本
براہِ مہربانی اردو کے لیے سکین کریں

Test & Trace Corps | NYC HEALTH+ HOSPITALS


URDU_NOVEMBER 2020

## ہدایات

- اپنی کٹ میں موجود کارڈ پر ہدایات پڑھیں۔
- استعمال سے پہلے اپنی کٹ کو یہاں picturegenetics.com/covid19/group پر آن لائن رجسٹر کروائیں۔ یہاں پر کلک کریں **’I have a kit already (میرے پاس پہلے ہی ایک کِٹ ہے)‘**.
- اپنی کٹ کے اندر موجود**gift code** اورآپ کی ہدایت نامے کے سامنے کے کوَر پرموجود **activation code** کا اندراج کریں، اور **’Confirm Registration (رجسٹریشن کی تصدیق کریں)‘** پر کلک کریں۔
- اگرپوچھا جائے تو بتانے کے لیے انتخاب کریں کہ آپ کو یہ کٹ NYC Care Package کی جانب سے موصول ہوئی ہے۔
- ٹیسٹ کرنے سے پہلے اور بعد میں اپنے ہاتھ دھوئیں۔
- ٹیسٹ کرنے سے پہلے اپنا ناک مت صاف کریں۔ آپ بغیر خوشبو والے ٹشو سے ناک صاف کرسکتے ہیں۔
- اپنا نمونہ حاصل کرنے کے لیے **پلاسٹک ٹیوب** کو کھولیں اور کسی ہموار سطح پر رکھیں۔
- اب، **ناک کا سواب** کھولیں اپنے ناک کے سوراخوں میں ڈالنے سے پہلے یا بعد میں اس کو کسی بھی چیز سے مت چھونے دیں۔
- **ناک کے سواب** کو آہستگی سے تقریباً ایک انچ تک اپنے ناک کے سوراخ میں اس وقت تک اندر ڈالیں جب تک کہ وہ ناک کی اوپری کھوکھلی جگہ کو چھو نہ لےپھاہا (سواب) کو لگ بھگ چار مرتبہ ناک کے اندر رگڑیں ۔ آپ کو معمولی تکلیف محسوس ہونی چاہیئے۔ آہستہ سے سواب کو باہر نکالیں۔



- اسی سواب کے ساتھ یہی عمل اپنی ناک کے دوسرے سوراخ میں بھی دہرائیں۔
- سواب کو نیچے کی جانب کرتے ہوئے (وہ حصہ جو آپ نے اپنے ناک کے اندر ڈالا ہے) **ناک کے سواب** کو **پلاسٹک ٹیوب** میں ڈالیں ۔
- نشان لگی ہوئی جگہ سے **ناک کے سواب** کوتوڑ کر علیحدہ کرلیں؛ یہ آسانی سے دوحصوں میں ٹوٹ جائے گی۔
- اس بات کی یقین دہانی کرلیں کہ **ناک کا سواب** ٹیوب کے مرکز میں ہو۔ اس کے بعد، **پلاسٹک ٹیوب** کو اچھی طرح بند کرلیں اور یہ جانچ کرلیں کہ یہ کہیں سے ٹوٹی ہوئی نہ ہو۔ اس کو زیادہ سختی سے مت بندکریں۔



- **پلاسٹک ٹیوب** کے ساتھ **ناک کے سواب** کو **پلاسٹک کی تھیلی** کے اندر ڈال دیں۔
- پلاسٹک کی تھیلی کو **ڈاک کے بکس** میں ڈالیں اور اس کو **سیل کرنے والے اسٹکر** کی مدد سے بند کردیں۔
- **ڈاک کے بکس** کو **فیڈ ایکس شپنگ بیگ** میں ڈالیں۔ اپنی کٹ پر موجود بھیجنے کی ہدایات پر عمل کریں۔
- ریکارڈ کے لیے اپنے **ہدایات کے کارڈ** کو اپنے پاس رکھیں۔

## یاد رکھیں:

- آپ اپنا ٹیسٹ اسی روز روانہ کریں جس دن آپ نے اپنی کٹ کو رجسٹر کروایا اور ٹیسٹ حاصل کی ہے۔ آپ کو لازمی طور پر 24 گھنٹوں کے اندر اپنا ٹیسٹ بھیجنا ہو گا۔ ایسی صورت میں اپنا ٹیسٹ مت بھیجیں کہ جب اس دن کی آخری کھیپ روانہ کردی گئی ہو یا ویک اینڈ ہو۔ ہمارا مشورہ ہے کہ جمعہ کے دن بھی مت بھیجیں
- لیب کو آپ کا نمونہ موصول ہونے کے 48 گھنٹوں کے اندر آپ کو آپ کے نتائج مل جائیں گے۔ نتائج آپ کو اپنے پکچر پورٹل اکاؤنٹ کے ذریعے دستیاب ہوں گے۔

**آپ کو ای میل کے ذریعے اپنے پکچر جینیٹکس کے اکاؤنٹ کی تصدیق کرنی ہوگی:**

تصدیق کے لیے [donotreply@picturegenetics.com] کی جانب سے اپنے ان بکس میں ای میل کی جانب کریں۔
آپ کو یہ ہدایات اور عملی طور پر کرکے دکھانے والی وڈیو یہاں پر مل جائے گی **picturegenetics.com/nasalswab**

**مدد کے لیے آپ پکچر جینیٹکس سے رابطہ کریں بذریعہ:**

**ای میل:** hello@picturegenetics.com
**براہِ راست چیٹ کرنے کے لیے:** بذریعہ PictureGenetics.com
**فون:** **626-434-3596**، پیر تا جمعہ،دوپہر 12 بجے تا شام 7 بجے تک ایسٹرن اسٹینڈرڈ ٹائم

نیویارک سٹی کو صحت مند رکھنے پر آپ کا شکریہ! صحت مند رہیں۔